درود تاج

درود تاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ○

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ صَاحِبِ

الٰہی ہمارے آقا و مولیٰ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر رحمت نازل فرما جو

التَّاجِ وَالْمِعْرَاجِ وَالْبُرَاقِ وَالْعَلَمِ ط دَافِعِ الْبَلَاۗءِ وَ

صاحب تاج و معراج اور براق والے اور جھنڈے والے ہیں جن کے

الْوَبَاۗءِ وَالْقَحْطِ وَالْمَرَضِ وَالْاَلَمِ ط اِسْمُہٗ مَکْتُوْبٌ

وسیلے سے بلا وبا قحط مرض اور دکھ دور ہوتا ہے آپؐ کا نام نامی لکھا

مَّرْفُوْعٌ مَّشْفُوْعٌ مَّنْقُوْشٌ فِی اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ ط سَیِّدِ

گیا بلند کیا گیا قبول شفاعت کیا گیا اور لوح و قلم میں کھدا ہوا ہے آپؐ

الْعَرَبِ وَالْعَجَمِ ط جِسْمُہٗ مُقَدَّسٌ مُّعَطَّرٌ مُّطَھَّرٌ

عرب و عجم کے سردار ہیں آپؐ کا جسم نہایت مقدس خوشبودار پاکیزہ

مُّنَوَّرٌ فِی الْبَیْتِ وَالْحَرَمِ ط شَمْسِ الضُّحٰی بَدْرِ الدُّجٰی

اور خانہ کعبہ و حرم پاک میں منور ہے آپؐ چاشت گاہ کے آفتاب اندھیری رات کے ماہتاب

صَدْرِ الْعُلٰی نُوْرِ الْهُدٰی کَهْفِ الْوَرٰی مِصْبَاحِ

بلندیوں کے صدر نشین راہِ ہدایت کے نور مخلوقات کی جائے پناہ اندھیروں

الظُّلَمِ جَمِیْلِ الشِّیَمِ شَفِیْعِ الْاُمَمِ صَاحِبِ الْجُوْدِ

کے چراغ نیک اطوار کے مالک امتوں کے بخشوانے والے بخشش و کرم سے

وَالْکَرَمِ وَاللّٰهُ عَاصِمُهٗ وَجِبْرِیْلُ خَادِمُهٗ وَالْبُرَاقُ

موصوف ہیں اللہ آپؐ کا نگہبان جبریل آپؐ کے خدمت گذار بُراق

مَرْکَبُهٗ وَالْمِعْرَاجُ سَفَرُهٗ وَسِدْرَةُ الْمُنْتَهٰی مَقَامُهٗ

آپ کی سواری معراج آپؐ کا سفر سدرۃ المنتہٰی آپؐ کا مقام اور

وَقَابَ قَوْسَیْنِ مَطْلُوْبُهٗ وَالْمَطْلُوْبُ مَقْصُوْدُهٗ

(قرب خداوندی میں) قاب قوسین کا مرتبہ آپؐ کا مطلوب ہے اور مطلوب ہی آپؐ کا مقصود

وَالْمَقْصُوْدُ مَوْجُوْدُهٗ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ خَاتَمِ

ہے اور مقصود آپؐ کو حاصل ہے آپؐ رسولوں کے سردار نبیوں میں سب سے

النَّبِیِّیْنَ شَفِیْعِ الْمُذْنِبِیْنَ اَنِیْسِ الْغَرِیْبِیْنَ رَحْمَةٍ

پیچھے آنے والے گنہگاروں کے بخشوانے والے مسافروں کے غمخوار دُنیا جہان

لِّلْعٰلَمِیْنَ رَاحَةِ الْعَاشِقِیْنَ مُرَادِ الْمُشْتَاقِیْنَ شَمْسِ

کے لئے رحمت عاشقوں کی راحت مشتاقوں کی مُراد خدا شناسوں

الْعَارِفِيْنَ سِرَاجِ السّٰلِكِيْنَ مِصْبَاحِ الْمُقَرَّبِيْنَ مُحِبِّ

کے آفتاب راہ خدا پر چلنے والوں کے چراغ مقربوں کے راہ نما محتاجوں

الْفُقَرَآءِ وَالْغُرَبَآءِ وَالْمَسٰكِيْنَ سَيِّدِ الثَّقَلَيْنِ نَبِيِّ

غریبوں اور مسکینوں سے محبّت رکھنے والے جن وانس کے سردار حرمین

الْحَرَمَيْنِ اِمَامِ الْقِبْلَتَيْنِ وَسِيْلَتِنَا فِی الدَّارَيْنِ

کے نبی دونوں قبلوں (بیت المقدس وکعبہ) کے پیشوا اور دُنیا و آخرت میں

صَاحِبِ قَابَ قَوْسَيْنِ مَحْبُوْبِ رَبِّ الْمَشْرِقَيْنِ وَ

ہمارے وسیلہ ہیں وہ جو مرتبہ قاب قوسین پر فائز ہیں دو مشرقوں اور

رَبِّ الْمَغْرِبَيْنِ جَدِّ الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ مَوْلٰنَا وَمَوْلَى

دو مغربوں کے رب کے محبوب ہیں حضرت امام حسنؓ اور حضرت امام حسینؓ کے جدِّ امجد

الثَّقَلَيْنِ اَبِی الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ نُوْرٍ مِّنْ نُوْرِ

اور ہمارے اور (تمام) جنّ وانس کے آقا ہیں یعنی ابی القاسم محمد بن عبداللہ جو اللہ کے نور میں

اللّٰهِ يَآ اَيُّهَا الْمُشْتَاقُوْنَ بِنُوْرِ جَمَالِهٖ صَلُّوْا عَلَيْهِ

سے ایک نور ہیں اے نورِ جمال محمدی کے مشتاقو! آپؐ پر اور آپؐ کی آل اور آپؐ کے

وَاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا۝

صحابہ پر درود وسلام بھیجو جو بھیجنے کا حق ہے

For more details please visit
https://bismillah.cn/durood-e-taj